اَلرُّجُوْعُ مَتٰی؟	مَتَی الرُّجُوْعُ؟	خبرایسے معنی پرمشتمل ھوجس کاشروع کلام میں ھوناضروری ھے۔توخبرمقدم کرناواجب ھے۔
اَنَّکَ مُنْطَلِقٌ عِنْدِیْ	عِنْدِیْ اَنَّکَ مُنْطَلِقٌ	جب اَنَّ اسم اورخبرسےمل کرمبتداواقع ھوتوخبرمقدم کرناواجب ھے

الدرس السابع والستون:اغراءاورتحذیرکابیان

تمرین نمبر2:غلطی کی نشاندھی فرمائیے۔

2. جسے کسی کام پر ابھارا جائے اسے اغراء کہتے ہیں۔ **جواب**: جو اسم فعل محذوف اَلْزِمْ وغیرہ کا مفعول بہ ہو اسے اغراء کہتے ہیں۔

3. جسے مابعد سے ڈرایا جائے اسے تحذیر کہتے ہیں۔ **جواب**: جو اسم فعل محذوف بَعِّدْ، اِتَّقِ وغیرہ کا مفعول بہ ہو اسے تحذیر کہتے ہیں۔

4. اغراء اور تحذیر کا فعل ناصب ہمیشہ وجوباً محذوف ہوتا ہے۔ **جواب**: جب یہ معطوف علیہ اور مکرر ہوں تو فعل ناصب کو حذف کرنا واجب ہے مفرد ہوں تو جائز ہے۔

5. اغراء یا تحذیر معطوف علیہ اور معطوف بھی ہوتا ہے۔ **جواب**: اغراء اور تحذیر معطوف علیہ بھی ہوتے ہیں۔

تمرین نمبر3:الف)اغراء و تحذیر الگ کیجیے اور بتائیے کہ فعل حذف واجب ہے یا جائز۔

مثال	جواب	وجہ
اَلْجِدَّ فَاِنَّہٗ طَرِیْقُ الْفَلَاحِ	"الجدَّ" اغراء ہے اور فعل حذف کرنا جائز ہے	کیونکہ اغراء مفرد ہے۔
اَلْخِیَانَۃَ اَلْخِیَانَۃَ	"الخیانۃ الخیانۃ" تحذیر ہے، فعل حذف کرنا واجب ہے۔	تحذیر مکرر ہے۔
اَلْفَرَائِضَ	الفرائض" اغراء ہے، فعل حذف کرنا جائز ہے۔	اغراء مفرد ہے۔
اَلاِخْلَاصَ وَالْاَمَانَۃَ	اَلاِخْلَاصَ وَالْاَمَانَۃَ" اغراء ہے، فعل حذف کرنا واجب ہے	اغراء معطوف علیہ ہے
اِیَّاکِ اَنْ تَغْتَابِیْ	"ایاکِ" تحذیر، ان تغتابی" محذر منہ، فعل حذف کرنا واجب ہے۔	تحذیر ضمیر منصوب مخاطب ہے اسلیے
اَلْغِیْبَۃَ وَالنَّمِیْمَۃَ	اَلْغِیْبَۃَ وَالنَّمِیْمَۃَ" تحذیر ہے، فعل حذف کرنا واجب ہے۔	تحذیر معطوف علیہ ہے۔
اَلْمُحَرَّمَاتِ	اَلْمُحَرَّمَاتِ" تحذیر ہے، فعل حذف کرنا جائز ہے۔	تحذیر مفرد ہے
اَلْعَمَلَ وَالْعَمَلَ	اَلْعَمَلَ وَالْعَمَلَ" اغراء ہے، فعل حذف کرنا واجب ہے	اغراء معطوف علیہ ہے
اِیَّاکَ مِنَ الْکِذْبِ	اِیَّاکَ" تحذیر جبکہ "مِنَ الْکِذْبِ" محذر منہ ہے، فعل حذف کرنا واجب ہے۔	تحذیر ضمیر منصوب مخاطب ہے اسلیے
اَلتَّوَاضُعَ فَاِنَّہٗ یَرْفَعُ الْاِنْسَانَ	اَلتَّوَاضُعَ" اغراء ہے فعل حذف کرنا جائز ہے۔	اغراء مفرد ہے۔
اَلْحَسَدَ فَاِنَّہٗ یَاْکُلُ الْحَسَنَاتِ	اَلْحَسَدَ" تحزیر ہے، فعل حذف کرنا جائز ہے۔	تحذیر مفرد ہے۔
اِیَّاکُمْ وَالتَّبَاغُضَ	"اِیَّاکُمْ" تحذیر جبکہ "وَالتَّبَاغُضَ" محذر منہ ہے، فعل حذف کرنا واجب ہے۔	تحذیر ضمیر منصوب مخاطب ہے اسلیے

ب:)درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندھی فرمائیے۔

مثال	جواب	وجہ
اِتَّقِ الشَّتْمَ الشَّتْمَ	الشَّتْمَ الشَّتْمَ	تحذیر جب مکرر ہو تو فعل محذوف کرنا واجب ہوتا ہے۔
اَلْعِلْمُ وَالْوَقَارُ	اَلْعِلْمَ وَالْوَقَارَ	یہ دونوں "اَلْزَمْ" فعل محذوف کا مفعول بہ ہیں اس لیے منصوب۔
بَاعِدْ اِیَّاکَ مِنَ الْیَاْسِ	اِیَّاکَ مِنَ الْیَاْسِ	تحذیر جب ضمیر منصوب مخاطب ہو تو فعل حذف کرنا واجب ہے۔
اَلْزِمِ الْعَفْوَ وَالْکَرَمِ	اَلْعَفْوَ وَالْکَرَمَ	اغراء جب معطوف علیہ ہو تو فعل حذف کرنا واجب ہوتا ہے۔
اُحَذِّرُ اِیَّاکَ مِنَ الضَّالِ فَاِنَّہٗ یُضِلُّکَ	اِیَّاکَ مِنَ الضَّالِ فَاِنَّہٗ یُضِلُّکَ	تحذیر جب ضمیر منصوب مخاطب ہو تو فعل حذف کرنا واجب ہے۔
نَحُّوْ اِیَّاکُمْ اَنْ تُدَاھِنُوْا فِی الدِّیْنِ	اِیَّاکُمْ اَنْ تُدَاھِنُوْا فِی الدِّیْنِ	تحذیر جب ضمیر منصوب مخاطب ہو تو فعل حذف کرنا واجب ہے۔
اُطْلُبِ الصَّدَاقَۃَ الصَّدَاقَۃَ	الصَّدَاقَۃَ الصَّدَاقَۃَ	اغراء مکرر ہے اسلیے فعل حذف کرنا واجب ہے۔

الدرس الثامن والستون: توابع کا بیان

غلطی کی نشاندھی فرمائیے۔

1. منادی مبنی برعلامت رفع کے ہر تابع پر رفع اور نصب دونوں جائز ہیں۔**جواب**:منادیٰ مبنی برعلامت رفع کی تاکید معنوی،صفت،عطف بیان اور معطوف معرف باللام اگر مفرد ہوں تو ان پر رفع اور نصب دونوں جائز ہیں۔
2. منادی معرب کا ہر تابع منادی کے مطابق ہو گا۔**جواب**:اگر منادیٰ کے تابع تاکید معنوی،صفت،عطف بیان اور معطوف معرف باللام اور مضاف ہوں تو یہ منادیٰ کے مطابق منصوب یا مجرور ہونگے۔
3. ہر منادی کی صفت پر رفع اور نصب دونوں جائز ہیں۔**جواب**:منادیٰ لفظ "اَیُّ،اَیَّةُ"۔۔یا۔۔ھٰذَا ہو تو اس کی صفت پر رفع واجب ہے۔

تمرین نمبر3:الف)اعراب اور بناء کے اعتبار سے توابع منادیٰ کا حکم بیان فرمائیے۔

مثال	ترجمہ	جواب مع وجہ
يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسٰنُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ	اے آدمی تجھے کس چیز نے فریب دیا اپنے کرم والے رب سے	منادیٰ "اَیُّ" کی صفت ھو تو اس کی صفت پر رفع واجب ھے اس لیے "الانسٰنُ" آیا ھے۔
اَبَکْرُذَاالْفَضْلِ اَحْسِنْ اِلٰی مَنْ اَسَاءَ	اے فضل والے بکر اس کے ساتھ بھلائی جو جو برائی کرے	منادیٰ مبنی برعلامت رفع کا تابع مضاف ھے اسلیے "ذَا" ھے کہ اس پر نصب واجب ھے۔
يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ	اے پہاڑو اس کے ساتھ اللہ کی طرف رجوع کرو اور اے پرندو	منادیٰ مبنی برعلامت رفع کا تابع معطوف معرف باللام اگر مفرد ھو تو اس پر رفع و نصب دونوں جائز ھیں۔اس لیے "والطیرَ" پر دونوں جائز علامتیں جائز ھیں۔
يَااَحْمَدُ الْكَرِيْمُ	اے کریم احمد	منادیٰ منبی برعلامت رفع کا تابع صفت اگر مفرد ھو تو اس پر رفع و نصب دونوں جائز ھیں اسلیے "الکریم" پر دونوں جائز ھیں۔
اَزَيْدُالْكَاتِبُ الدَّرْسِ	اے زید جو درس لکھنے والا ہے	منادیٰ مبنی پر علامت رفع کا تابع صفت اگر مفرد ھو تو اس پر رفع و نصب دونوں جائز ھیں لھٰذا "الکاتب" پر دونوں علامتیں جائز ھیں۔
يَاطُلَّابُ اَجْمَعُوْنَ	اے تمام کے تمام طالب علموں	جب منادیٰ مبنی پر علامت رفع کی تاکید معنوی مفرد ھو تو اس پر رفع و نصب دونوں جائز ھیں لھٰذا "اجمعون/اجمعین" دونوں طرح آسکتا ھے۔
يَامُحَمَّدُوَاَحْمَدُ	اے محمد اور احمد	منادیٰ کا معطوف بغیر الف لام مستقل منادیٰ کے حکم میں ھوتا ھے اس لیے "احمدُ" مبنی برعلامت رفع ھے۔
هَيَاعَارِفُ وَعَبْدَاللّٰهِ	اے عارف اور عبد اللہ	منادیٰ کا معطوف بغیر الف لام مستقل منادیٰ کے حکم میں ھوتا ھے اس لیے "عبداللّٰہ" منصوب ھے۔
يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ	اے جھرمٹ مارنے والے	منادیٰ "اَیُّ" کی صفت ھو تو اس کی صفت پر رفع واجب ھے اس لیے "المزملُ" آیا ھے۔
يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ	اے اطمینان والی جان	منادیٰ "اَیَّةُ" کی صفت ھو تو اس کی صفت پر رفع واجب ھے اس لیے "النفسُ" آیا ھے۔

ب:)درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندھی فرمائیے۔

مثال	جواب	وجہ

یَارَجُلُ رَجُلُ	یَارَجُلُ رَجُلُ	منادیٰ کی تاکید لفظی کا وھی حکم ھے جو منادیٰ کا ھو
اَیَاھٰذَاالْوَلَدَ	اَیَاھٰذَاالْوَلَدَ	منادیٰ "ھٰذَا" کی صفت ھو تو اس کی صفت پر رفع واجب ھے اس لیے "الولدُ" آیا ھے۔
اَعَبْدَاللّٰہِ بِشْرًا	اَعَبْدَاللّٰہِ بِشْرُ	منادیٰ کا بدل مستقل منادیٰ کا حکم رکھتا ھے۔اس لیے "بِشْرُ" لائے۔
یَامُحَمَّدُ وَاَبُوْعَبْدِاللّٰہِ	یَامُحَمَّدُ وَاَبَاعَبْدِاللّٰہِ	منادیٰ کا معطوف بغیر الف لام مستقل منادیٰ کے حکم میں ھوتا ھے اس لیے "اباعبداللّٰہ" لائے۔
ھَیَاعَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنُ نُعْمَانَ	ھَیَاعَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ نُعْمَانَ	منادیٰ علم ھو اور اس کی صفت لفظ "ابن/ابنۃ" ھو جو ایک اور علم کی طرف مضاف ھو تو منادیٰ کو مفتوح اور مضموم دونوں طرح پڑھنا جائز ھے جبکہ "ابن/ابنۃ" صرف منصوب پڑھا جائے گا۔
اَیْ خَالِدُ الْعَاقِلِ	اَیْ خَالِدُ الْعَاقِلَ	منادیٰ مبنی پر علامت رفع کا تابع صفت، اگر مفرد ھو تو اس پر رفع و نصب دونوں جائز ھیں لھٰذا "العاقل" پر رفع و نصب دونوں علامتیں جائز ھیں۔
یَابَکْرُ ذُوْالْفَضْلِ وَالْاِحْسَانِ	یَابَکْرُ ذَاالْفَضْلِ وَالْاِحْسَانِ	منادیٰ مبنی بر علامت رفع کا تابع مضاف ھو تو نصب پڑھنا واجب ھے اس لیے "ذَا" لے کر آئے۔
یَارَجُلُ طَالِعُ جَبَلًا	یَارَجُلُ طَالِعًاجَبَلًا	منادیٰ کا بدل مستقل منادیٰ کا حکم رکھتا ھے۔اس لیے "طالعًاجبلًا" لائے۔

الدرس التاسع والستون: نسبت کا بیان

تمرین نمبر2: غلطی کی نشاندھی کیجئے۔

1. جس اسم کو یاء لاحق ھو وہ اسم منسوب ھوتا ھے۔ **جواب**: جس اسم کو یائے نسبت لاحق ھو اسے اسم منسوب کھتے ھیں۔
2. فَعِیْلَۃٌ" کی طرف نسبت میں ھمیشہ یاء حذف ھو جائے گی۔ **جواب**: یاء حذف اور اس کا ماقبل مفتوح ھو جائے گا جبکہ معتل العین یا مضاعف نہ ھو ورنہ نھیں۔
3. تثنیہ یا جمع کے آخر میں یائے نسبت لگادینے سے وہ اسم منسوب بن جائے گا۔ **جواب**: تثنیہ یا جمع کو واحد کی طرف لوٹانا واجب ھے۔

تمرین نمبر3: قواعد کو مدنظر رکھتے ھوئے درج ذیل اسماء سے اسمائے منسوبہ بنائیے۔

مثال	جواب	وجہ
ھِجْرَۃٌ	ھِجْرِیٌّ	آخر میں گول تاء ھو تو اسم منسوب بناتے وقت حذف ھو جائے گی۔
نَحْوٌ	نَحْوِیٌّ	اسم کے آخر میں یائے نسبت لاحق ھوئی۔
مَوْلیٰ	مَوْلَوِیٌّ/مَوْلِیٌّ	اسم مقصور کا الف چوتھی جگہ ھو تو واؤ سے بدلنا اور حذف کرنا دونوں جائز ھیں۔
عَلِیٌّ	عَلَوِیٌّ	آخر میں یاء مشدد ھو اور اس سے پھلے دو حرف ھوں تو پھلی یاء کو حذف کرنا، اس کے ماقبل کو فتحہ دینا اور دوسری کو واؤ سے بدلنا واجب ھے۔
مَدِیْنَۃٌ	مَدَنِیٌّ	فَعِیْلَۃٌ" کی یاء حذف اور اس کا ماقبل مفتوح ھو جائے گا جبکہ معتل العین یا مضاعف نہ ھو
مُسْتَعْلِیْ	مُسْتَعْلِیٌّ	اسم منقوص کی یاء چوتھی جگہ کے بعد واقع ھو تو حذف ھو جائے گی۔

بِنْتَانِ	بِنْتِيٌّ	اسم منسوب بناتے وقت تثنیہ کو واحد کی طرف لوٹانا واجب ہوتا ھے
شَرِيْعَةٌ	شَرَعِيٌّ	فَعِيْلَةٌ" کی یاء حذف اور اس کا ماقبل مفتوح ہو جائے گا جبکہ معتل العین یا مضاعف نہ ہو
يَدٌ	يَدَوِيٌّ	ثلاثی اسم، محذوف اللام ہو تو لام کلمے کو لوٹا کر عین کلمے کو فتحہ دیا جائے گا۔
أُمّ كُلْثُوْم	أُمّ كُلْثُوْمِيّ	مرکب اضافی ہو تو نسبت دوسرے جز کی طرف ہو گی۔
عِيْسٰى	عِيْسَوِيٌّ	اسم مقصور کا الف چوتھی جگہ ہو تو واؤ سے بدلنا اور حذف کرنا دونوں جائز ھیں۔
عَطَّارٌ	عَطَّارِيٌّ	اسم کے آخر میں یائے نسبت لاحق ہوئی۔
دِهْلِيْ	دِهْلَوِيٌّ/دِهْلِيٌّ	اسم منقوص کی یاء چوتھی جگہ واقع ہو تو اسے واؤ ماقبل مفتوح سے بدل دینا یا حذف کر دینا دونوں جائز ھیں۔
عَزِيْزَةٌ	عَزِيْزِيٌّ	فَعِيْلَةٌ" کی یاء حذف اور اس کا ماقبل مفتوح ہو جائے گا جبکہ معتل العین یا مضاعف نہ ہو
مِائَةٌ	مِائِيٌّ	آخر میں گول تاء ہو تو اسم منسوب بناتے وقت حذف ہو جائے گی۔
اِسْلَامٌ	اِسْلَامِيٌّ	اسم کے آخر میں یائے نسبت لاحق ہوئی۔
كُتُبٌ	كِتَابِيٌّ	اسم منسوب بناتے وقت جمع کو واحد کی طرف لوٹانا واجب ہوتا ھے
بَعْلَبَكّ	بَعْلِيُّبَكّ	مرکب مزجی ہو تو نسبت پہلے جز کی طرف ہوتی ھے۔
سَمَاءٌ	سَمَاوِيٌّ	اسم ممدود کا الف واؤ یا یاء سے بدل کر آیا ہو تو واؤ سے بدلنا اور باقی رکھنا دونوں جائز ھیں۔
اِيْمَانٌ	اِيْمَانِيٌّ	اسم کے آخر میں یائے نسبت لاحق ہوئی۔
شَابَ قَرْنَاهَا	شَابِيٌّ قَرْنَاهَا	علم، جملہ ہو تو نسبت پہلے جز کی طرف ہوتی ھے۔
رِجَالٌ	رَجُلِيٌّ	اسم کے آخر میں یائے نسبت لاحق ہوئی۔
عَبْدُ الْمُطَّلِب	عَبْدُ الْمُطَّلِبِيّ	مرکب اضافی ہو تو اس جز کی طرف نسبت کی جاتی ھے جس میں التباس نہ ہو
قُوَيْمَةٌ	قُوَيْمِيٌّ	فَعِيْلَةٌ" کی یاء حذف اور اس کا ماقبل مفتوح ہو جائے گا جبکہ معتل العین یا مضاعف نہ ہو ورنہ نہیں، لہٰذا آخر سے گول تاء حذف کر دی۔
ضِيَاءُ الدِّيْن	ضِيَاءُ الدِّيْنِيّ	مرکب اضافی ہو تو اس جز کی طرف نسبت کی جاتی ھے جس میں التباس نہ ہو
عَصًا	عَصَوِيٌّ	اسم مقصور کا الف چوتھی جگہ ہو تو واؤ سے بدلنا اور حذف کرنا دونوں جائز ھیں۔
خَضْرَاءُ	خَضْرَاوِيٌّ	اسم ممدود کا الف ممدود، تانیث کا ہو تو واؤ سے بدل جائے گا۔
زَيٌّ	زَيَوِيٌّ	آخر میں یاء مشدد ہو اور اس سے پہلے ایک حرف ہو تو پہلی یاء کو فتح دے کر دوسری کو واؤ سے بدلنا واجب ھے۔
صُفْرٌ	صُفْرِيٌّ	اسم کے آخر میں یائے نسبت لاحق ہوئی۔
عَبْدُ الْقَادِرِ	عَبْدُ الْقَادِرِيّ	مرکب اضافی ہو تو اس جز کی طرف نسبت کی جاتی ھے جس میں التباس نہ ہو

الدرس السبعون: تصغیر کا بیان

تمرین نمبر 2: غلطی کی نشاندھی فرمائیے۔

1. تصغیر میں مؤنث سماعی کی ""ۃ" ظاہر ہو جاتی ہے۔ **جواب**: تصغیر میں محذوف حرف بھی لوٹ آتا ہے اور ثلاثی مؤنث سماعی کے آخر میں تاء بھی آجاتی ہے۔
2. تیسرا یا چوتھا حرف واؤ ہو تو تصغیر میں اسے یاء سے بدل کر ادغام کر دیں گے۔ **جواب**: تیسرا حرف الف یا واؤ ہو تو اسے یاء سے بدل کر اس میں یائے تصغیر کا ادغام کر دیں گے۔

3. تصغیر ہمیشہ قاعدے کے مطابق ہوتی ہے۔ **جواب**: بہت سے اسماء کی تصغیر خلاف قیاس ہوتی ہے۔

4. یائے تصغیر کا مابعد حرف ہمیشہ مکسور ہو گا۔ **جواب**: یاء تصغیر کا مابعد مکسور ہو گا لیکن مابعد اگر ایک ہی حرف ہو یا آخر میں علامت تانیث یا الف جمع یا الف نون زائدہ ہوں تو وہ اپنی حالت پر بر قرار رہے گا۔

تمرین نمبر 3: قواعد کا خیال رکھتے ہوئے درج ذیل اسماء سے اسمائے مصغرہ بنائیے۔

مثال	جواب	وجہ
مَكْتَبٌ	مُكَيْتِبٌ	اسم کے پهلے حرف کو ضمه اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے هیں۔
وَلَدٌ	وُلَيْدٌ	اسم کے پهلے حرف کو ضمه اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے هیں۔
ظُلْمَةٌ	ظُلَيْمَةٌ	اسم کے پهلے حرف کو ضمه اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے هیں۔
صُغْرىٰ	صُغَيْرىٰ	اسم کے پهلے حرف کو ضمه اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے هیں۔ آخر میں علامت تانیث هو تو اپنی حالت پر باقی رهتی هے۔
حَمْرَاءُ	حُمَيْرَاءُ	اسم کے پهلے حرف کو ضمه اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے هیں۔ آخر میں علامت تانیث هو تو اپنی حالت پر باقی رهتی هے۔
اَنْهَارٌ	نُهَيْرٌ	کبھی اسم کو زوائد سے خالی کرکے حروف اصلیه پر تصغیر کی جاتی هے۔
عِرْفَانُ	عُرَيْفَانُ	اسم کے پهلے حرف کو ضمه اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے هیں۔ آخر میں الف نون زائده هو تو اپنی حالت پر باقی رهتا هے۔
سَكْرَانُ	سُكَيْرَانُ	اسم کے پهلے حرف کو ضمه اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے هیں۔ آخر میں الف نون زائده هو تو اپنی حالت پر باقی رهتا هے۔
زَيْنَبُ	زُيَيْنَبُ	اسم کے پهلے حرف کو ضمه اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے هیں۔
مِفْتَاحٌ	مُفَيْتِحٌ	اسم کے پهلے حرف کو ضمه اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے هیں۔
مَكْتُوْبٌ	مُكَيْتِبٌ	اسم کے پهلے حرف کو ضمه اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے هیں۔
طَيٌّ	طَائِيٌّ	اس کی تصغیر خلاف قیاس آئی هے۔
فَرَزْدَقٌ	فُرَيْزِقٌ	اس کی تصغیر خلاف قیاس آئی هے۔
عَبْدُالرَّبِّ	عُبَيْدُالرَّبِّ	مرکب اضافی هو تو تصغیر جزاول میں هوگی۔
قِيْمَةٌ	قُيَيْمَةٌ	اسم کے پهلے حرف کو ضمه اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے هیں۔
مُوْقِنٌ	مُيَيْقِنٌ	دوسرا حرف کسی اور حرف سے بدل کر آیا هو تو وه اصل کی طرف لوٹ جاتا هے
شَفَةٌ	شُفَيْهَةٌ	اسم کے پهلے حرف کو ضمه اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے هیں۔

آمَالٌ	اُمَيْمَالٌ	اسم کے پہلے حرف کو ضمہ اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے ھیں۔ آخر میں الف جمع ھو تو اپنی حالت پر باقی رھتاھے۔
سَامِعٌ	سُمَيْعٌ	کبھی اسم کو زوائد سے خالی کر کے حروف اصلیہ پر تصغیر کی جاتی ھے۔
مِيْزَانٌ	مُزَيْزَانٌ	اسم کے پہلے حرف کو ضمہ اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے ھیں۔ آخر میں الف نون زائدہ ھو تو اپنی حالت پر باقی رھتاھے۔
دِيْوَانٌ	دُيَّانٌ	تیسرا حرف واؤ ھو تو اسے یاء سے بدل کر اس میں یائے تصغیر کا ادغام کرتے ھیں
شِمَالٌ	شُمَيْلٌ	کبھی اسم کو زوائد سے خالی کر کے حروف اصلیہ پر تصغیر کی جاتی ھے۔
قَدُوْمٌ	قَدَيِّمٌ	تیسرا حرف واؤ ھو تو اسے یاء سے بدل کر اس میں یائے تصغیر کا ادغام کرتے ھیں
اُذُنٌ	اُذَيْنَةٌ	تصغیر کے وقت ثلاثی مؤنث سماعی کے آخر میں تاء آجاتی ھے۔
اَخٌ	اُخَيٌّ	تصغیر میں محذوف حرف بھی لوٹ آتاھے۔
بِنْتٌ	بُنَيْتٌ	اسم کے پہلے حرف کو ضمہ اور دوسرے کو فتح دے کر اس کے بعد یاء ساکن بڑھاتے کر تصغیر بناتے ھیں۔ آخر میں الف نون زائدہ ھو تو اپنی حالت پر باقی رھتاھے۔
قِنْدِيْلٌ	قُنَيْدِيْلٌ	خماسی کی تصغیر "فُعَيْعِيْلٌ" کے وزن پر آتی ھے۔
هِنْدٌ	هُنَيْدٌ	ثلاثی کی تصغیر "فُعَيْلٌ" کے وزن پر آتاھے۔
حَضْرَمَوْتُ	حُضَيْرَمَوْتُ	مرکب مزجی ھو تو پہلے جز میں تصغیر ھوگی
اَزْهَرُ	زُهَيْرٌ	کبھی اسم کو زوائد سے خالی کر کے حروف اصلیہ پر تصغیر کی جاتی ھے۔

الدرس الحادی والسبعون: مبنی کلمات کا سکون وتحرک

تمرین نمبر2: غلطی کی نشاندھی فرمائیے۔

1. تخلص من اجتماع الساکنین میں اصل فتح ہے۔ **جواب**: اجتماع ساکنین سے خلاصی کے لیے اصل "اَیْنَ، ھٰؤُلَاءِ، حَیْثُ ہیں۔
2. کسر فوات اعراب کی تلافی کرتا ہے۔ **جواب**: ضم، اقوی الحرکات ہونے کی وجہ سے فوات اعراب کی تلافی کرنے والا ہے۔
3. کسی مبنی میں تحرک یا حرکت خاصہ کی ایک سے زائد وجہ نہیں ہو پائی جاسکتی۔ **جواب**: وجہ پائی جاسکتی ہیں۔
4. ضم اخف الحرکات اور فتح اقوی الحرکات ہوتا ہے۔ **جواب**: ضم، اقوی الحرکات اور فتح اخف الحرکات ہوتا ہے۔

تمرین نمبر3: معرب کلمات کا اعراب اور وجہ اعراب بتائیے نیز مبنی کلمات میں جن کا آخر متحرک ھے ان پر حرکت آنے اور حرکت خاصہ آنے کی وجہ بیان فرمائیے۔

مثال	معرب کلمات	مبنی کلمات
إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ، وَإِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُولِهِ، فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُولِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ	"الاعمال" ماکافہ آنے کی وجہ سے منصوب نہیں ھوا۔ "النیۃ، امرئٍ، اللّٰہ، رسول، وغیرہ حرف جر کی وجہ سے مجرور ھیں۔	نوی" معرب کے مشابہ ھونے کی وجہ سے مبنی کو حرکت دی، "ما، مَنْ "فتح کے اخف الحرکات ھونے کی وجہ سے فتح دی، "وَ، فَ "کو ساکن سے بچنے کے لیے حرکت دی،
اِتَّبِعُوا الْعُلَمَاءَ فَإِنَّهُمْ سُرُجُ الدُّنْيَا وَمَصَابِيحُ الْآخِرَةِ	"العلماء" فعل کا مفعول ھے اس لیے منصوب ھے، "سرج" حرف مشبہ بالفعل کی خبر ھے اس لیے مرفوع	"فَ، وَ" کو ساکن سے بچنے کے لیے حرکت دی،

	ھے، "مصابیح"کا"سرج"پر عطف ھے اس لیے مرفوع ھے۔	
اَبُوْبَکْرٍوَعُمَرُسَیِّدَاکُھُوْلِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْآخِرِیْنَ اِلَّا النَّبِیِّیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ	"بکر،عمر،کھول،الجنۃ،مضاف الیہ ھونے کی وجہ سے مجرورھیں۔"الاولین والآخرین"مجرورھیں۔	"وَ"کوساکن سے بچنے کے لیے حرکت دی،
اِتَّقُوااللّٰہَ وَصَلُّوْاخَمْسَکُمْ وَصُوْمُوْاشَھْرَکُمْ وَاَدُّوْازَکَاۃَ اَمْوَالِکُمْ طَیِّبَۃً بِھَااَنْفُسُکُمْ وَاَطِیْعُوْااِذَااَمَرَکُمْ تَدْخُلُوْاجَنَّۃَ رَبِّکُمْ	اللّٰہ،خمس،شھر،زکاۃ،جنۃ"مفعول ھونے کی وجہ سے اور"طیبۃ"حال ھونے کی وجہ سے منصوب ھیں،"رب"مضاف الیہ ھونے کی وجہ سے مجرورھے۔	"وَ"کوساکن سے بچنے کے لیے حرکت دی،

الدرس الثانی والسبعون:صلات کابیان

تمرین نمبر2:غلطی کی نشاندھی فرمائیے۔

1. جو اسم مفعول بہ واقع ہو اسے بھی صلہ کہا جاتا ہے۔ **جواب**:جو اسم بواسطہ حرف جر مفعول بہ بنے اسے بھی صلہ کہتے ہیں۔
2. صلہ کا اطلاق حروف جارہ پر بھی ہوتا ہے۔ **جواب**:سات مخصوص حروف جارہ کو بھی صلہ کہتے ہیں۔

تمرین نمبر3:صلات کے بارے میں بتائیے کہ کونسا صلہ کس معنی میں استعمال ھوا ھے۔

مثال	ترجمہ	جواب
سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا	پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا مسجد حرام سے مسجد اقصا تک	"ب"،"من"بمعنی ابتدا،الیٰ"بمعنی انتھا۔
وَلَقَدْنَصَرَکُمُ اللّٰہُ بِبَدْرٍ	اور تحقیق اللہ نے بدر میں تمہاری مدد فرمائی	"ب"بمعنی ظرفیت
فَعَّالٌ لِّمَایُرِیْدُ	جو چاہتا ہے کرنے والا ہے۔	"ل"زائد۔
اِرْکَبْ عَلَی اِسْمِ اللّٰہِ	اللہ کے نام کے ساتھ سوار ہوجا	"علی"بمعنی باء
فَاغْسِلُوْا وُجُوْھَکُمْ وَاَیْدِیَکُمْ اِلَی الْمَرَافِقِ	تو اپنا منہ دھوؤ اور کہنیوں تک ہاتھ	"الیٰ"بمعنی انتھا
اِذْھَبْ بِسَلَامٍ	سلامتی کے ساتھ چلا جا	"ب"بمعنی مصاحبت
فُزْتُ بِرَبِّ الْکَعْبَۃِ	رب کعبہ کی قسم میں کامیاب ہوگیا	"ب"بمعنی قسم
اَفَلَمْ یَسِیْرُوْافِی الْاَرْضِ	وہ کیوں نہیں زمین میں سفر کرتے	فی"بمعنی ظرفیت
لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَافِی الْاَرْضِ	اسی کے لیے ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے۔	"ل"بمعنی اختصاص،فی"بمعنی ظرفیت۔
اِرْحَمْ بِالْیَتِیْمِ	یتیم پر رحم کر	ب"بمعنی استعطاف
یَتِیْھُوْنَ فِی الْاَرْضِ		فی"بمعنی ظرفیت
لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ	تم ہرگز بھلائی کو نہ پہنچوگے جب تک راہ خدا میں اپنی پیاری چیز خرچ نہ کرو	"من"بمعنی تبعیض

ابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ	اور اس کی آنکھیں غم سے سفید ہو گئیں	"من" بمعنی تعلیل
وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْكِ سُلَیْمٰنَ	اور اس کے پیرو ہوئے جو شیطان پڑھا کرتے تھے سلطنتِ سلیمان کے زمانہ میں	"علیٰ" بمعنی ظرفیت
وَاِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا	اور اگر تمہیں کچھ شک ہو اس میں جو ہم نے اپنے (اس خاص) بندے پر اتارا	"فی" بمعنی ظرفیت، "من" زائد، "علیٰ" بمعنی استعلاء
اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰی وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ	وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی اور بخشش کے بدلے عذاب	"ب" بمعنی مقابلہ
فَخَرَجَ عَلٰی قَوْمِهٖ فِیْ زِیْنَتِهٖ	تو اپنی قوم پر نکلا اپنی آرائش میں	"علیٰ" بمعنی باء، "فی" بمعنی ظرفیت
رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ	اے ہمارے رب ہم سے پھیر دے جہنم کا عذاب	"عن" بمعنی بدل
اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَی اللّٰهِ لِلَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ	وہ توبہ جس کا قبول کرنا اللہ نے اپنے فضل سے لازم کر لیا ہے وہ انہیں کی ہے جو نادانی سے برائی کر بیٹھیں	"علیٰ" بمعنی من، "لام" بمعنی اختصاص، "ب" بمعنی تعلیل
وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِیْمَ لِاَبِیْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ	اور ابراہیم کا اپنے باپ کی بخشش چاہنا وہ تو نہ تھا مگر ایک وعدے کے سبب جو اس سے کر چکا تھا	"لام" بمعنی اختصاص، "عن" بمعنی بدل
وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ	اور صبر اور نماز سے مدد چاہو	"ب" بمعنی مقابلہ
صَوْمِی عَنْ اُمَّتِیْ	میرا روزہ رکھنا میری امت کی طرف سے	"عن" بمعنی بدل
عَلَیْهِ دَیْنٌ	اس پر قرض لازم ہے۔	بمعنی باء
فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ	تو ہم نے فرمایا اس پتھر پر اپنا عصا مار	"ب" بمعنی استعانت
وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا	اور جو پتّا گرتا ہے وہ اسے جانتا ہے	"من" بمعنی تبعیض
لِّلَّذِیْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ یَرْهَبُوْنَ	اور رحمت ہے ان کے لئے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں	"لام" بمعنی اختصاص
وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ	اور مجھے ان سے ملا دے جو تیرے قربِ خاص کے سزاوار ہیں	"با" بمعنی مصاحبت
مَنْ اَنْصَارِیْٓ اِلَی اللّٰهِ	کون میرے مددگار ہوتے ہیں اللہ کی طرف	"الیٰ" بمعنی انتہا
خَرَجْتُ لِمَخَافَتِكَ	میں تیرے خوف کی وجہ سے نکلا	"لام" بمعنی تعلیل
وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰی ظُلْمِهِمْ	اور بیشک تمہارا رب تو لوگوں کے ظلم پر بھی انہیں ایک طرح کی معافی دیتا ہے	"لام" بمعنی اختصاص، "علیٰ" بمعنی استعلاء

فَذٰلِكُنَّ الَّذِیْ لُمْتُنَّنِیْ فِیْهِ ؕ	تو یہ ہیں وہ جن پر تم مجھے طعنہ دیتی تھیں	فی "بمعنی سببیت"
فَمَنْ یَّاْتِیْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِیْنٍ	تو وہ کون ہے جو تمہیں پانی لادے نگاہ کے سامنے بہتا	"با"بمعنی تعدیه

الدرس الثالث والسبعون: تضمین کا بیان

تمرین نمبر2: غلطی کی نشاندھی فرمائیے۔

1. اَنْبَاَ،اَخْبَرَ متعدی بسه مفعول ھیں۔ **جواب**: بواسطه حرف جر متعدی بدو مفعول ھیں۔
2. تضمین کی وجه سے فعل لازم، متعدی اور فعل متعدی فعل لازم بن جاتا ھے۔ **جواب**: تضمین سے بظاھر ایک لفظ سے دو لفظوں کا معنی ادا ھو جاتا ھے۔

تمرین نمبر3: صلات وغیرہ میں غور کرتے ھوئے بتائیے که درج ذیل افعال میں کون کونسے معانی کی تضمین ھے۔(تضمین کی شناخت صلات وغیرہ کے ذریعے ھی ھوتی ھے۔)

مثال	ترجمه	صله
اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ	وہ جو بے دیکھے ایمان لائیں	ایمان بمعنی تصدیق بلا واسطه متعدی ھے، اعتراف کا صله باء آتا ھے۔
بَنَیْتُ الدَّارَ مَسْجِدًا	میں نے گھر کو مسجد بنا دیا	بناء متعدی بیک مفعول ھے، تصییر متعدی بدو مفعول ھوتا ھے
وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ	اور جب آپس میں اکیلے ہوں	خلا، باء کے ساتھ متعدی ھوتا ھے ارتیاح کا صله اِلیٰ کے ساتھ آتا ھے
وَ هُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ	اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے	قبول کا صله باء آتا ھے جبکه عن عفو وغیرہ کا صله ھے۔
وَ قَفَّیْنَا عَلٰۤى اٰثَارِهِمْ بِعِیْسَى ابْنِ مَرْیَمَ	اور ہم اُن نبیوں کے پیچھے اُن کے نشان قدم پر عیسٰی بن مریم کو لائے	مجیئة علی آثار کا صله علی آتا ھے۔
اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَیْنِ مِثْلِنَا وَ قَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ	کیا ہم ایمان لے آئیں اپنے جیسے دو آدمیوں پر اور ان کی قوم ہماری بندگی کر رہی ہے	ایمان بمعنی تصدیق بلا واسطه متعدی ھے، لام اتباع، تواضع اور خضوع کا صله ھے

الدرس الرابع والسبعون: جملوں کا اعراب

تمرین نمبر2، غلطی کی نشاندھی فرمائیے۔

1. جو جملہ صفت واقع ہو وہ محلاً مرفوع ہوتا ہے۔ **جواب**: جو جملہ کسی مرفوع اسم کی صفت واقع ہو وہ محلاً مرفوع ہوتا ہے۔
2. جو جملہ کسی جملے کا تابع ہو اس کا کوئی اعراب نہیں ہوتا۔ **جواب**: جو جملہ کسی جملے کا تابع ہو اس کا حکم متبوع کے مطابق ہو گا۔
3. جواب شرط محلاً مجزوم ہو گا۔ **جواب**: وہ جملہ جو شرط جازم کا جواب ہو وہ محلاً مجزوم ہو گا۔

تمرین نمبر3: خط کشیدہ جملوں کا اعراب ھے تو کیا اور کیوں؟ نہیں ھے تو یه 9 میں سے کونسی قسم ھے۔

مثال	ترجمه	جواب

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ اَلۡمُؤۡمِنُ غِرٌّ کَرِیۡمٌ	نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن سادہ لوح اور کریم ہوتا ہے۔	"قال النبی" جملہ ابتدائیہ ھے۔ "صلی اللّٰہ" جملہ معترضہ۔ "سلم" تابع۔ "المؤمن غرّ کریم" جملہ استئنافیہ۔
جَآءَ الَّذِیۡ صَنَّفَ کِتَابًا فِی الۡفِقۡہِ	وہ آیا جس نے فقہ میں کتاب لکھی ہے	"الذی" جوکہ مرفوع ھے اس کا صلہ ھے اس لیے محلا مرفوع۔
فَذَبَحُوۡھَا وَمَا کَادُوۡا یَفۡعَلُوۡنَ	تو اسے ذبح کیا اور ذبح کرتے معلوم نہ ہوتے تھے	فعل مقاربہ کی خبر ھے اس لیے محلا منصوب ھے۔
وَ جَآءُوۡۤ اَبَاھُمۡ عِشَآءً یَّبۡکُوۡنَ	اور رات ہوئے اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے آئے	"عشاء" اسم منصوب کی صفت ھے اس لیے محلاً منصوب ھے۔
یَوۡمًا لَّا تَجۡزِیۡ نَفۡسٌ عَنۡ نَّفۡسٍ شَیۡـًٔا	اور ڈرو اس دن سے جس دن کوئی جان دوسرے کا بدلہ نہ ہو سکے گی	"یومًا" اسم منصوب کی صفت ھے اس لے محلاً منصوب ھے۔
وَ اِنۡ تُصِبۡھُمۡ سَیِّئَۃٌۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَیۡدِیۡھِمۡ اِذَا ھُمۡ یَقۡنَطُوۡنَ	اور اگر انہیں کوئی برائی پہنچے بدلہ اس کا جو ان کے ہاتھوں نے بھیجا جبھی وہ ناامید ہو جاتے ہیں	کوئی اعراب نہیں ھے۔ جملہ استئنافیہ ھے۔
لَاتُحۡتَرِمۡ رَجُلًا یَّبۡتَدِعُ فِی الدِّیۡنِ	ایسے آدمی کا احترام نہ کر جو دین میں بدعتی ہو	"رجلا" اسم منصوب کی صفت ھے اس لیے محلا منصوب ھے۔
فَاَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡہِ اَنِ اصۡنَعِ الۡفُلۡکَ	تو ہم نے اسے وحی بھیجی کہ ہماری نگاہ کے سامنے اور ہمارے حکم سے کشتی بنا	کوئی اعراب نہیں ھے۔ جملہ تفسیریہ ھے
اَظُنُّ الۡاُمَّۃَ تَجۡتَمِعُ بَعۡدَ التَّفَرُّقِ	میں گمان کرتا ہوں کہ امت تفرقہ کے بعد جمع ہو جائے گی	کوئی اعراب نہیں ھے۔ جملہ تفسیریہ
جَلَسۡتُ حَیۡثُ الۡمَنۡظَرُ جَمِیۡلٌ	میں ایسی جگہ بیٹھا جہاں کا منظر خوبصورت ہے	جلست" جملہ ابتدائیہ، "المنظر جمیل" مضاف الیہ ھے اس لیے محلا مجرور ھے۔
وَ اِنَّہٗ لَقَسَمٌ لَّوۡ تَعۡلَمُوۡنَ عَظِیۡمٌ	اور تم سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے	کوئی اعراب نہیں ھے۔ جواب شرط غیر جازم
تَمَسَّکۡ بِالۡفَضِیۡلَۃِ فَاِنَّھَا زِیۡنَۃُ الۡعُقَلَاءِ	فضیلت کو لازم پکڑو کیونکہ یہ عاقلوں کی زینت ہے	کوئی اعراب نہیں، جملہ تعلیلیہ
لَا سُرُوۡرَ یَدُوۡمُ	کوئی خوشی دائم نہیں ہوتی	لائے نفی جنس کی خبر ھے اسلیے محلا مرفوع ھے
وَ تَاللّٰہِ لَاَکِیۡدَنَّ اَصۡنَامَکُمۡ	اور مجھے اللہ کی قسم ہے میں تمہارے بتوں کا برا چاہوں گا	کوئی اعراب نہیں، جواب قسم
وَلَوۡلَا دَفۡعُ اللّٰہِ النَّاسَ بَعۡضَھُمۡ بِبَعۡضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الۡاَرۡضُ	اور اگر اللہ لوگوں میں بعض سے بعض کو دفع نہ کرے تو ضرور زمین تباہ ہو جائے	کوئی اعراب نہیں، جلمہ تعلیلیہ
وَ اَسَرُّوا النَّجۡوَی ٭ۖ الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡا ٭ۖ ھَلۡ ھٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُکُمۡ	اور ظالموں نے آپس میں خُفیہ مشورت کی کہ یہ کون ہیں ایک تم ہی جیسے آدمی تو ہیں	کوئی اعراب نہیں، جملہ استئنافیہ

اِنَّ الۡاَبۡرَارَ لَفِیۡ نَعِیۡمٍ ۚ﴿۱۳﴾ وَ اِنَّ الۡفُجَّارَ لَفِیۡ جَحِیۡمٍ	بے شک نکوکار ضرور چین میں ہیں اور بے شک بدکار ضرور دوزخ میں ہیں	کوئی اعراب نہیں، تابع ھے
کَانَ بَکۡرٌ یَعۡمَلُ الۡخَیۡرَ وَ یَجُوۡدُ	بکر بھلائی کا کام اور سخاوت کرتا ہے	فعل ناقص کا اسم ھے اسلیے محلا منصوب ھے۔
اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ؕ﴿۱﴾ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انۡحَرۡ	اے محبوب بے شک ہم نے تمہیں بے شمار خوبیاں عطا فرمائیں تو تم اپنے رب کے لئے نماز پڑھو اور قربانی کرو	کوئی اعراب نہیں، جملہ استئنافیہ
قُلۡ اِنِّیۡۤ اَخَافُ اِنۡ عَصَیۡتُ رَبِّیۡ عَذَابَ یَوۡمٍ عَظِیۡمٍ	تم فرماؤ اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے دن کے عذاب کا ڈر ہے	کوئی اعراب نہیں ھے۔ جملہ ابتدائیہ
اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتۡ لَہُمۡ جَنّٰتُ الۡفِرۡدَوۡسِ نُزُلًا	بیشک جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے فردوس کے باغ ان کی مہمانی ہے	کوئی اعراب نہیں ھے۔ تابع ھے۔

الدرس الخامس والسبعون: قواعد املا اور علامات ترقیم

تمرین نمبر2: غلطی کی نشاندھی فرمائیے۔

1. تنوین فتح ہمیشہ دو فتحوں اور الف سے لکھی جاتی ہے۔ **جواب**: تنوین فتح دو فتحوں اور الف سے لکھتے ہیں لیکن گول تاء اور جو ہمزہ الف کے اوپر لکھا ہو اور جس ہمزہ متطرفہ سے پہلے الف ہو اس میں تنوین فتح صرف دو زبر سے لکھتے ہیں۔
2. ہمزہ متطرفہ ہمیشہ ماقبل حرکت کے مناسب حرف کے اوپر لکھا جاتا ہے۔ **جواب**: ہمزہ متطرفہ ماقبل حرف کی حرکت کے مناسب حرف کے اوپر لکھتے ہیں اور ماقبل ساکن ہو تو منفرد لکھتے ہیں۔
3. ہمزہ وصلی مفتوح یا مضموم کو الف کی صورت میں لکھ کر اوپر چھوٹا ہمزہ لکھتے ہیں۔ **جواب**: ہمزہ اصلی اور قطعی مفتوح یا مضموم کو الف کی صورت میں لکھ کر اوپر چھوٹا ہمزہ لکھتے ہیں اور مکسور ہو تو نیچے لکھتے ہیں۔

تمرین نمبر3: الف) درج ذیل جملوں میں الف کو ممدود یا مقصور لکھنے کی وجہ بیان کیجیے۔

مثال	جواب/وجہ	جواب/وجہ
اَلْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِّنَ الْیَدِ السُّفْلٰی	"العلیا" اسم ثلاثی کا الف اصل میں واؤ اس لیے الف ممدود لکھا	"السفلی" اسم زائد علی الثلاث میں الف مقصور لکھا جاتا ھے جبکہ اس کا ماقبل یاء نہ ہو۔
اِنَّ مَا عِنْدَ اللّٰہِ خَیْرٌ وَّ اَبْقٰی	"ابقی" ثلاثی فعل کا الف اصل میں یاء ھو تو مقصور لکھا جاتا ھے۔	
اَلْعَصَا لِمَنْ عَصٰی	"العصا" ثلاثی اسم کا الف اصل میں واؤ ھو تو ممدود لکھا جاتا ھے۔	"عصی" ثلاثی فعل کا الف اصل میں یاء ھو تو مقصور لکھا جاتا ھے۔
کَانَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ عَلَمَ الْھُدٰی وَ بَیْتَ الْعُلَا مُتَمَسِّکًا بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی	"الھدی" اسم ثلاثی کا الف اصل میں یاء ھو تو مقصور لکھتے ھیں۔	"الوثقی" اسم زائد علی الثلاث میں الف مقصور لکھا جاتا ھے جبکہ اس کا ماقبل یاء نہ ھو۔

	"العلا" اسم ثلاثی کا الف اصل میں واؤ ہو تو ممدود لکھا جائے گا	
لَنْ یَنْسَی الْمُسْلِمُوْنَ الْعُقْبٰی	"ینسی" فعل ثلاثی کا الف اصل میں یاء ہو تو مقصور لکھا جائے گا۔	"العقبی" اسم زائد علی الثلاث میں الف مقصور لکھا جاتا ہے جبکہ اس کا ماقبل یاء نہ ہو۔

ب: درج ذیل حکایات میں املاء اور ترقیم کی اغلاط کی نشاندھی فرمائیے۔

مثال	جواب
عَنْ عِیْسَی عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْهِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اَنَّ اِبْلِیْسَ جَاءَ اِلَیْهِ فَقَالَ لَهٗ اَلَسْتَ تَزْعَمُ اَنَّهٗ لَا یُصِیْبُکَ اِلَّا مَاکَتَبَ اللّٰهُ لَکَ! قَالَ؛ بَلٰی؟ قَالَ، فَارْمِ بِنَفْسِکَ مِنْ هٰذَا الْجَبَلِ، فَاِنَّهٗ اِنْ قَدَّرَ لَکَ السَّلَامَةَ تَسْلِمُ، فَقَالَ: لَهٗ یَامَلْعُوْنُ؛ اِنَّ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اَنْ یَخْتَبِرَ عِبَادَهٗ۔ وَلَیْسَ لِلْعَبْدِ اَنْ یَخْتَبِرَ رَبَّهٗ۔ حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کے بارے میں منقول ہے کہ ابلیس آپ کے پاس آیا اور کہا کیا آپ یہ گمان نہیں کرتے کہ جو کچھ اللہ نے لکھا ہے وہی آپ کو پہنچے گا۔ فرمایا: کیوں نہیں۔ اس نے کہا تو پھر اس پہاڑ سے اپنے آپ کو گرا دیں اگر اللہ نے آپ کی سلامتی لکھی ہو تو آپ بچ جائیں گے۔ آپ نے فرمایا: اے ملعون! بیشک اللہ عزوجل اپنے بندوں کو آزماتا ہے بندے کی یہ جرات نہیں کہ وہ اپنے رب کو آزمائے۔	عَنْ عِیْسٰی عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْهِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اَنَّ اِبْلِیْسَ، جَاءَ اِلَیْهِ فَقَالَ لَهٗ: اَلَسْتَ تَزْعَمُ اَنَّهٗ لَایُصِیْبُکَ اِلَّا مَاکَتَبَ اللّٰهُ لَکَ؟ قَالَ: بَلٰی؟ قَالَ: فَارْمِ بِنَفْسِکَ مِنْ هٰذَا الْجَبَلِ؛ فَاِنَّهٗ اِنْ قَدَّرَ لَکَ السَّلَامَةَ تَسْلِمُ. فَقَالَ لَهٗ: یَامَلْعُوْنُ. اِنَّ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: اَنْ یَخْتَبِرَ عِبَادَهٗ وَلَیْسَ لِلْعَبْدِ: اَنْ یَخْتَبِرَ رَبَّهٗ.

الدرس السادس والسبعون: قواعد ترکیب (1)

تمرین نمبر 2: غلطی کی نشاندھی فرمائیے۔

1. ضمیر مرفوع متصل ہمیشہ فاعل بنتی ہے۔ **جواب**: ضمیر متصل فاعل، نائب الفاعل، مفعول، مجرور بحرف جر، مضاف الیہ اور فعل ناقص یا حرف مشبہ بالفعل کا اسم بنتی ہے۔
2. فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ بنتا ہے۔ **جواب**: جملہ فعلیہ خبریہ بنتا ہے۔

تمرین نمبر 3: درج ذیل جملوں کی ترکیب نحوی کیجیے۔

1

:۔۔۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی نَعْمَائِهِ الشَّامِلَةِ وَآلَائِهِ الْکَامِلَةِ

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے مخصوص ہیں ان نعمتوں پر جو عام ہیں اور ان احسانات پر جو کامل ہیں۔

2:۔۔۔اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔۔۔**ترجمہ**: پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی شیطان مردود سے

3:۔۔۔اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ حُرُوْفٌ تَنْصِبُ الْفِعْلَ الْمُضَارِعَ۔۔۔**ترجمہ**: پانچویں نوع ایسے حروف جو فعل مضارع کو نصب دیتے ہیں۔

4:۔۔۔اَلتَّرَجِّیْ مَخْصُوْصٌ بِالْمُمْكِنَاتِ۔۔۔**ترجمہ**: ترجی، ممکنات کے ساتھ خاص کی گئی ہے۔

اَلتَّرَجِّیْ مَخْصُوْصٌ بِ الْمُمْکِنَاتِ

مبتدا اسم مفعول،ھو ضمیر نائب الفاعل جار مجرور

ظرف لغو

شبہ جملہ ہو کر خبر

جملہ اسمیہ

5:۔۔۔مَاوَلَاتَرْفَعَانِ الْاِسْمَ وَتَنْصِبَانِ الْخَبَرَ۔۔۔**ترجمہ**:مااور لا اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔

مَاوَلَا تَرْفَعَانِ الْاِسْمَ وَ تَنْصِبَانِ الْخَبَرَ

معطوف علیہ معطوف مل کر مبتدا فعل،الف تثنیہ فاعل مفعول بہ عاطفہ فعل،الف تثنیہ فاعل مفعول بہ

جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ جملہ فعلیہ ہو کر معطوف

خبر

جملہ اسمیہ

6:۔۔۔یَاھِیَ لِنِدَاءِ الْقَرِیْبِ وَالْبَعِیْدِ۔۔۔**ترجمہ**:یا یہ قریب وبعید کی نداء کے لیے ہے۔

یَا ھِیَ لِ نِدَاءِ الْقَرِیْبِ وَ الْبَعِیْدِ

مبتدائے محذوف "ھٰذِہٖ" کی خبر مبتداء جار مضاف معطوف علیہ عاطفہ معطوف

جملہ اسمیہ

مضاف الیہ

مرکب اضافی ہو کر مجرور

ظرف مستقر ہو کر "کَائِنٌ" کے متعلق ہو گا،کائن اسم فاعل اپنے اندر ھو ضمیر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر

جملہ اسمیہ

7:۔۔۔تَنْصِبُ الْاِسْمَ وَیَرْفَعُ الْخَبَرَ حُرُوْفٌ سِتَّۃٌ۔۔۔**ترجمہ**:اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں چھ حروف۔

تَنْصِبُ　الِاسْمَ　وَ　يَرْفَعُ　الْخَبَرَ　حُرُوْفٌ　سِتَّةٌ

فعل، ھی ضمیر فاعل　مفعول　عاطفہ　فعل، ھو ضمیر فاعل　مفعول　موصوف　صفت

جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ　جملہ فعلیہ ہو کر معطوف　مرکب توصیفی ہو کر مبتدائے مؤخر

خبر مقدم

جملہ اسمیہ

8:۔۔۔اِعْلَمْ اَنَّ الْعَوَامِلَ مِائَةُ عَامِلٍ لَفْظِيَّةٌ وَمَعْنَوِيَّةٌ فَاللَّفْظِيَّةُ مِنْهَا عَلٰى ضَرْبَيْنِ سَمَاعِيَّةٌ وَقِيَاسِيَّةٌ فَالسَّمَاعِيَّةُ مِنْهَا اَحَدٌ وَّتِسْعُوْنَ عَامِلًا وَالْقِيَاسِيَّةُ مِنْهَا سَبْعَةُ عَوَامِلَ وَالْمَعْنَوِيَّةُ مِنْهَا عَدَدَانِ

ترجمہ: تو جان کہ عوامل سو ہیں لفظی اور معنوی، پس لفظی ان میں سے دو قسموں پر ہیں سماعی اور قیاسی، پس سماعی ان میں سے اکانوے عامل ہیں اور قیاسی ان میں سے ساتھ عامل ہیں اور معنوی ان میں سے دو ہیں۔

اِعْلَمْ　اَنَّ　الْعَوَامِلَ　مِائَةُ عَامِلٍ　لَفْظِيَّةٌ وَمَعْنَوِيَّةٌ　فَ　اللَّفْظِيَّةُ مِنْهَا عَلٰى ضَرْبَيْنِ　سَمَاعِيَّةٌ وَقِيَاسِيَّةٌ فَالسَّمَاعِيَّةُ مِنْهَا اَحَدٌ وَّتِسْعُوْنَ عَامِلًا وَالْقِيَاسِيَّةُ مِنْهَا سَبْعَةُ عَوَامِلَ وَالْمَعْنَوِيَّةُ مِنْهَا عَدَدَانِ

فعل امر، انت فاعل　مشبہ بالفعل　اسم　خبر　"ھی" مبتدائے محذوف کی خبر　تفصیلیہ　ذوالحال، ظرف مستقر ہو کر حال　ظرف مستقر ہو کر خبر ۔۔۔باقی ترکیب ماقبل کی طرح ہی ہے۔

جملہ اسمیہ ہو کر مفعول　جملہ اسمیہ　مبتدا

جملہ انشائیہ　جملہ اسمیہ

9:۔۔۔وَاللَّامُ لِلْاِخْتِصَاصِ نَحْوُ: اَلْجُلُّ لِلْفَرَسِ وَلِلزِّيَادَةِ نَحْوُ: رَدِفَ لَكُمْ اَىْ: رَدِفَكُمْ، وَلِلتَّعْلِيْلِ نَحْوُ: جِئْتُكَ لِلْاِكْرَامِ، وَلِلْقَسَمِ نَحْوُ: لِلّٰهِ لَا يُؤَخَّرُ الْاَجَلُ، وَلِلْمُعَاقَبَةِ نَحْوُ: لِزَمَ الشَّرُّ لِلشَّقَاوَةِ

ترجمہ: اور لام اختصاص کے لیے ہوتا ہے جیسے اَلْجُلُّ لِلْفَرَسِ۔ اور لام زائد ہوتا ہے جیسے رَدِفَ لَكُمْ اَىْ: رَدِفَكُمْ۔ اور تعلیل کے لیے ہوتا ہے جیسے جِئْتُكَ لِلْاِكْرَامِ۔ اور قسم کے لیے ہوتا ہے جیسے لِلّٰهِ لَا يُؤَخَّرُ الْاَجَلُ۔ اور معاقبت کے لیے ہوتا ہے جیسے لِزَمَ الشَّرُّ لِلشَّقَاوَةِ

وَاللَّامُ　لِ　لْاِخْتِصَاصِ　نَحْوُ: اَلْجُلُّ لِلْفَرَسِ وَلِلزِّيَادَةِ نَحْوُ: رَدِفَ لَكُمْ اَىْ: رَدِفَكُمْ، وَلِلتَّعْلِيْلِ نَحْوُ: جِئْتُكَ لِلْاِكْرَامِ، وَلِلْقَسَمِ نَحْوُ: لِلّٰهِ لَا يُؤَخَّرُ الْاَجَلُ، وَلِلْمُعَاقَبَةِ نَحْوُ: لِزَمَ الشَّرُّ لِلشَّقَاوَةِ

نَحْوُ مضاف، اپنے مضاف الیہ سے مل کر "مِثَالُهٗ" مبتدائے محذوف کی خبر۔ مبتدا، خبر مل کر جملہ اسمیہ۔۔۔۔۔بقیہ ترکیب بھی ماقبل کی طرح ہی ہے۔

نوٹ: یوں بھی ہو سکتا ہے کہ واللام للاختصاص کو مبتدا اور بعد والے حصے کو خبر اول، خبر ثانی، خبر ثالث وغیرہ بنا کر جملہ اسمیہ بنا دیا جائے۔

10:۔۔۔زَيْدٌ نَاصِرٌ غُلَامُهٗ عَمْرًوا۔ **ترجمہ:** زید اس کا غلام مدد کرنے والا ہے عمرو کی۔

جملہ اسمیہ

11:۔۔أَمَضْرُوْبٌ غُلَامُہٗ۔۔**ترجمہ**: کیا اس کا غلام مارا گیا ہے۔

أَ — مَضْرُوْبٌ — غُلَامُ — ہٗ

حرف استفہام — اسم مفعول، مبتدا — مضاف — مضاف الیہ

مرکب اضافی ہو کر نائب الفاعل قائم مقام خبر

جملہ اسمیہ خبریہ

نوٹ: مذکورہ مثال میں صفت کے صیغہ کو خبر مقدم اور اسم ظاہر کو مبتدائے مؤخر بھی بنا سکتے ہیں۔

12:۔۔خَالِدٌ ضَرَّابٌ أَبُوْہٗ عَمْرًا۔۔**ترجمہ**: خالد، اس کا باپ عمرو کو بہت زیادہ مارنے والا ہے۔

خَالِدٌ — ضَرَّابٌ — أَبُوْ — ہٗ — عَمْرًا

مبتدا — اسم مبالغہ — مضاف — مضاف الیہ — مفعول بہ

مرکب اضافی ہو کر فاعل

شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر

جملہ اسمیہ خبریہ

13:۔۔رَأَیْتُ رَجُلًا حَسَنًا خُلُقُہٗ۔۔**ترجمہ**: میں نے ایسا آدمی دیکھا جس کے اخلاق اچھے تھے۔

جملہ فعلیہ خبریہ

14:۔۔۔اَعْلَمْتُ زَيْدًا بَكْرًا فَاضِلًا۔۔۔**ترجمہ**:میں نے زید کو خبر دی کہ بکر فاضل ہے۔

اَعْلَمْتُ	زَيْدًا	بَكْرًا	فَاضِلًا
فعل،فاعل	مفعول اول	مفعول ثانی	مفعول ثالث

جملہ فعلیہ خبریہ

15:۔۔۔اَعْطَيْتُ فَقِيْرًا دِيْنَارَيْنِ۔۔۔**ترجمہ**:میں نے فقیر کو دو دینار دیئے۔

اَعْطَيْتُ	فَقِيْرًا	دِيْنَارَيْنِ
فعل،فاعل	مفعول بہ اول	مفعول بہ ثانی

جملہ فعلیہ خبریہ

16:۔۔۔وَجَدْتُ اللهَ غَفُوْرًا رَحِيْمًا كَرِيْمًا عَفُوًّا۔۔۔**ترجمہ**:میں نے اللہ تعالیٰ کو غفور،رحیم،کریم اور معاف کرنے والا پایا۔

وَجَدْتُ	الله	غَفُوْرًا	رَحِيْمًا	كَرِيْمًا	عَفُوًّا
فعل،تاءفاعل	ذوالحال	اسم مفعول،ھونائب الفاعل،شبہ جملہ ہو کر موصوف	شبہ جملہ ہو کر صفت اول	صفت ثانی	صفت ثالث

مرکب توصیفی ہو کر حال

مفعول

جملہ فعلیہ

17:حَبَّذَا زَیْدٌ رَاکِبًا۔۔۔**ترجمہ**:زید کتنا اچھاہے در حال کہ وہ سوار ہے۔

حَبَّ ذَا زَیْدٌ رَاکِبًا

فعل مدح فاعل ذوالحال حال

جملہ فعلیہ ہوکر خبر مقدم مبتدائے مؤخر

جملہ اسمیہ انشائیہ

18:نِعْمَتِ الْمَرْاَۃُ زَیْنَبُ۔۔۔**ترجمہ**:زینب کتنی اچھی عورت ہے۔

نِعْمَتِ الْمَرْاَۃُ زَیْنَبُ

فعل مدح فاعل مخصوص بالمدح مبتدائے مؤخر

جملہ فعلیہ ہوکر خبر مقدم

جملہ اسمیہ انشائیہ

19۔۔۔یَکَادُ الْبَرْقُ یَخْطَفُ اَبْصَارَھُم۔۔۔**ترجمہ**:بجلی یوں معلوم ہوتی ہے کہ ان کی آنکھیں اچک لے جائے گی۔

یَکَادُ الْبَرْقُ یَخْطَفُ اَبْصَارَ ھُم

فعل مقاربہ اسم فعل،ھو ضمیر فاعل مضاف مضاف الیہ

مرکب اضافی ہوکر مفعول بہ

جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر

جملہ فعلیہ

20:۔۔۔اَلَسْتُ بِرَبِّکُم۔۔۔**ترجمہ**:کیامیں تمہارارب نہیں ہوں۔

اَ لَسْتُ بِ رَبِّ كُمْ

ہمزہ استفہام فعل ناقص،تاءفاعل حرف جر،زائد مضاف مضاف الیہ

مرکب اضافی ہوکر مفعول

جملہ فعلیہ انشائیہ

21:۔۔۔كَانَ اللهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا۔۔۔**ترجمہ**:اللہ تعالیٰ علیم اور حکیم ہے۔

جملہ فعلیہ خبریہ

22:۔۔۔عَسىٰ اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُوْدًا۔۔۔**ترجمہ**:عنقریب آپ کا رب آپ کو مقام محمود پر فائز کرے۔

عَسىٰ اَنْ يَّبْعَثَ كَ رَبُّ كَ مَقَامًا مَحْمُوْدًا

فعل رجاء مصدریہ فعل مفعول بہ مضاف مضاف الیہ موصوف اسم مفعول،ھوضمیر فاعل

مرکب اضافی ہوکر فاعل شبہ جملہ ہوکر صفت

مفعول فیہ

جملہ فعلیہ بتاویل مصدر ہوکر فاعل

جملہ انشائیہ

23:۔۔۔مَا اَحْسَنَكَ مَا اَجْمَلَكَ سُبْحَانَ اللهِ سُبْحَانَ اللهِ۔۔۔**ترجمہ**:آپ کتنے خوبصورت اور جمال والے ہیں سبحان اللہ سبحان اللہ

مَا اَحْسَنَ كَ مَا اَجْمَلَ كَ سُبْحَانَ اللهِ سُبْحَانَ اللهِ

بمعنی اَیُّ شَیْءٍ مبتداء فعل،ھو ضمیر فاعل مفعول بہ مبتداء فعل،ھو ضمیر فاعل مفعول بہ مضاف مضاف الیہ

جملہ فعلیہ ہو کر خبر جملہ فعلیہ ہو کر خبر مرکب اضافی

جملہ اسمیہ انشائیہ جملہ اسمیہ انشائیہ "سَبَّحْتُ" فعل کا مفعول مطلق

فعل، تاء فاعل، مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ

الدرس السابع والسبعون: قواعدِ ترکیب (2)

تمرین نمبر2: غلطی کی نشاندھی فرمائیے۔

1. اسم استفھام اور شرط کے بعد نکرہ واقع ھو تو یہ مبتداء بنتے ھیں۔ جواب: اسم استفھام کے بعد نکرہ واقع ھو تو یہ مبتدا بنتا ھے۔
2. اِذْ کبھی مضاف اور کبھی مضاف الیہ بنتا ھے۔ جواب: اِذْ کبھی مفعول فیہ، کبھی مفعول بہ، کبھی بدل اور کبھی مضاف الیہ بنتا ھے۔

تمرین نمبر3: الف) درج ذیل جملوں میں اسمائے استفھام و شرط کا اعراب بیان فرمائیے۔

مثال	جواب	وجہ
مَنْ اَخَذَ الْكِتَابَ؟	"من" اسم استفھام مفعول بہ بنے گا۔	اسم استفہام کے بعد فعل متعدی ہے۔
مَا تَأْمُرْ اَفْعَلْ	"ما" اسم شرط مفعول بہ بنے گا۔	اسم شرط کے بعد فعل متعدی ہے۔
مَا هٰذَا؟	"ما" اسم استفھام خبر بنے گا۔	اسم استفہام کے بعد معرفہ واقع ہو تو یہ خبر بنتا ہے۔
مَنْ جَدَّ وَجَدَ	"من" اسم شرط مفعول بہ بنے گا۔	اسم شرط کے بعد فعل متعدی ہے۔
مَاذَا كُنْتَ فِي الْمَاضِيْ؟	"ماذا" اسم استفھام مبتدا بنے گا۔	اسم استفہام کے بعد فعل لازم ہو تو یہ مبتدا بنتا ہے۔
اِلٰى مَنْ تُحْسِنْ يُكْرِمْكَ	"من" اسم استفھام مجرور بنے گا۔	حرف جر کے بعد واقع ہے۔
كَيْفَ جِئْتَ؟	"کیف" اسم استفھام مبتدا بنے گا۔	کیف، کے بعد فعل لازم ہے۔
مَنْ تُكْرِمْهُ يُكْرِمْكَ	"من" اسم شرط مبتدا/مفعول بہ بنے گا۔	فعل متعدی سے پہلے ہو اور فعل اس کی ضمیر پر واقع ہو تو دونوں امر جائز ہیں۔
كَمْ كِتَابًا عِنْدَكَ؟	"کم" اسم استفھام مبتدا بنے گا۔	اس کے بعد نکرہ واقع ہو تو یہ مبتدا بنے گا۔
اَيُّكُمْ هُوَ الرَّئِيْسُ؟	"ایّکم" مبتدا بنے گا۔	اس کے بعد معرفہ ہو تو مبتدا بنا تا ہے۔
مَتٰى تُسَافِرْ اُسَافِرْ	"متی" اسم شرط مفعول فیہ بنے گا۔	زمانے پر دلالت کرے تو مفعول فیہ بنتا ہے۔
هَلْ حَفِظْتَ الدَّرْسَ؟	"ھل" اسم استفھام مفعول بنے گا۔	اسم کے بعد فعل متعدی ہے۔

ب): درج ذیل جملوں میں لفظ اِذْ کا اعراب بیان کیجیے۔

مثال	ترجمہ	جواب
لَقَدۡ مَنَّ اللّٰہُ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اِذۡ بَعَثَ فِیۡہِمۡ رَسُوۡلًا	بے شک اللّٰہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں انہیں میں سے ایک رسول بھیجا	"اِذ"ماقبل کے لیے مفعول فیہ ھے۔
وَاذۡکُرُوۡۤا اِذۡ اَنۡتُمۡ قَلِیۡلٌ	اور یاد کرو جب تم تھوڑے تھے	"اِذ"بدل بن رھاھے۔
وَاذۡکُرۡ فِی الۡکِتٰبِ مَرۡیَمَ ۘ اِذِ انۡتَبَذَتۡ مِنۡ اَہۡلِہَا	اور کتاب میں مریم کو یاد کرو جب اپنے گھر والوں سے پورب کی طرف ایک جگہ الگ گئی	"اِذ"مفعول فیہ بن رھاھے۔
رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوۡبَنَا بَعۡدَ اِذۡ ہَدَیۡتَنَا	اے رب ہمارے دل ٹیڑھے نہ کر بعد اس کے کہ تو نے ہمیں ہدایت دی	"اِذ"مضاف الیہ بن رھاھے۔
فَسَوۡفَ یَعۡلَمُوۡنَ ﴿ۙ۷۰﴾ اِذِ الۡاَغۡلٰلُ فِیۡۤ اَعۡنَاقِہِمۡ	وہ عنقریب جان جائیں گے جب ان کی گردنوں میں طوق ہوں گے اور زنجیریں	مفعول فیہ بن رھاھے۔
وَ اِذۡ قَالَ رَبُّکَ لِلۡمَلٰٓئِکَۃِ	اور یاد کرو جب تمہارے رب نے فرشتوں سے فرمایا	مفعول فیہ بن رھاھے۔
یَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخۡبَارَہَا	اس دن وہ اپنی خبریں بتائے گی	مضاف الیہ کوحذف کرکے تنوین آئی
وَ اِذۡ یَرۡفَعُ اِبۡرٰہٖمُ الۡقَوَاعِدَ	اور جب اٹھاتا تھا ابراہیم اس گھر کی نیویں	مفعول فیہ بن رھاھے۔
ثَانِیَ اثۡنَیۡنِ اِذۡ ہُمَا فِی الۡغَارِ اِذۡ یَقُوۡلُ لِصَاحِبِہٖ لَا تَحۡزَنۡ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا ۚ	صرف دو جان سے جب وہ دونوں غار میں تھے جب اپنے یار سے فرماتے تھے غم نہ کھا بیشک اللّٰہ ہمارے ساتھ ہے	مفعول فیہ بن رھاھے۔